## سوال

(325) کیا مرزا غلام احمد قادیانی اور اس کے پیروکار مسلمان ہیں؟

## جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

کیا مرزا غلام احمد قادیانی اور اس کے پیروکار مسلمان ہیں؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاته!
الحمد لله، والصلاة والسلام علىٰ رسول الله، أما بعد!

میں نے ان اوراق[1] کو اول سے آخر تک پڑھا اور مرزا کے عقائد و مقالات کو اس کی اصل تصانیف میں بھی دیکھا۔

میری رائے میں وہ ضرور اُن عقائد و مقالات کی نظر سے دجال و کذاب ہے اور پابندی اسلام و اہل سنت سے خارج ہے۔

---

[1]۔ان اوراق سے مراد فتوائے تکفیر ہے، جو شیخ الاسلام مولانا محمد حسین بٹالوی رحمۃ اللہ علیہ نے مرزا غلام احمد قادیانی کے عقائد و نظریات کی بابت حضرت میاں صاحب نذیر حسین محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ کی خدمت میں پیش کیا اور میاں صاحب نے قرآن و سنت کے دلائل کی روشنی میں مرزائی عقائد کو الحاد و زندقہ قرار دیا۔ بعد ازاں مولانا بٹالوی رحمۃ اللہ علیہ نے مذکورہ فتوے پر ملک بھر کے دو صد علماء کی تصدیقات حاصل کیں اور اسے شائع کیا۔ مرزا غلام احمد قادیانی نے بھی اس فتوے کا اپنی کئی کتب میں ذکر کیا ہے، مثلا دیکھیں: روحانی خزائن (16/438)

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

## فتاویٰ علمائے حدیث

## جلد 04